فوری ریلیز کے لیے: 27/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی کنٹری میوزک کی لیجنڈ اور مخیر شخصیت DOLLY PARTON کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کے تاریخی مقامات کو روشن کرنے کی ہدایت

آج رات 27 اگست کو، ریاست بھر کے سترہ تاریخی مقامات گلابی روشنی سے روشن کیے جائیں گے

محکمہ برائے ذرائع آمد و رفت جمعرات اور جمعہ کو ریاستی شاہراہوں پر Dolly سے متعلق حفاظتی پیغامات دکھائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک بھر کے 17 تاریخی مقامات کو آج شام، جمعرات، 27 اگست کو، کنٹری میوزک کی ممتاز فنکارہ اور عمر بھر مخیر سرگرمیوں میں مصروف رہنے والی Dolly Parton (ڈولی پارٹن) کی زندگی اور ورثے کے اعزاز میں گلابی رنگ میں روشن کیا جائے گا، جو منگل، 25 اگست کو 80 سال کی عمر میں انتقال کر گئی تھیں۔ ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے ذرائع آمد و رفت (New York State Department of Transportation, DOT) آج سے جمعہ، 28 اگست تک ریاستی شاہراہوں پر تبدیل ہونے والے پیغامات کے سائن بورڈز پر Dolly (ڈولی) سے متعلق حفاظتی پیغامات بھی دکھائے گا۔ ان پیغامات میں شامل ہیں: "JOLENE, JOLENE, JOLENE رفتار مت بڑھاؤ" اور "محفوظ ڈرائیونگ مجھے ہمیشہ عزیز رہے گی۔"

"نیو یارک کے لیے یہ باعثِ اعزاز ہے کہ وہ Dolly Parton (ڈولی پارٹن) کی ہمیشہ سے دی گئی محبت کے جواب میں اپنی محبت کا اظہار کرے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "روح کو گرما دینے والی آواز اور دنیا بھر کے لاکھوں لوگوں کے لیے امید کی کرن، Dolly (ڈولی) کو ان کی بے مثال سخاوت اور انسان دوستی کے باعث ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی ضرورت مند کمیونٹیز کی مدد میں گزاری اور ان کے تاریخ ساز کریئر نے دنیا کو زیادہ پُرامید جگہ بنایا، ہمیں Dolly (ڈولی) کی کمی محسوس ہو گی اور جب نیو یارک ان کے اعزاز میں گلابی روشنیوں سے جگمگائے گا تو ہم ان کی محبت اور روشنی کو خراجِ تحسین پیش کریں گے۔"

نیو یارک بھر کے درج ذیل 17 تاریخی مقامات گلابی روشنی سے جگمگائیں گے:

- ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر (One World Trade Center)
- گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
- کوزی اوشکو برج (Kosciuszko Bridge)
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ (The H. Carl McCall SUNY Building)
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ (State Education Building)
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ (Alfred E. Smith State Office Building)
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ (Empire State Plaza)
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر (State Fairgrounds – Main Gate & Expo Center)
- نیاگرا فالز (Niagara Falls)
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)

- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ (Grand Central Terminal - Pershing Square Viaduct)
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے (Albany International Airport Gateway)
- لیک پلیسڈ اولمپک سینٹر (Albany International Airport Gateway)
- Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے (MTA LIRR - East End Gateway at Penn Station)
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل (Fairport Lift Bridge over the Erie Canal)
- مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

کنٹری میوزک کی گلوکارہ، نغمہ نگار اور اداکارہ کی حیثیت سے اپنے چھ دہائیوں پر محیط کریئر کے دوران، Dolly Parton (ڈولی پارٹن) نے بچوں اور کمیونٹیز کی معاونت کی اور سماجی خدمت کی ایک دیرپا میراث قائم کی۔ ان کے عطیات نے نگہداشتِ صحت سے متعلق تحقیق کے لیے مالی معاونت فراہم کی، ملک بھر میں آفات سے متاثرہ افراد کو امداد پہنچائی، اور ان کی امیجینیشن لائبریری (Imagination Library) کے ذریعے دنیا بھر میں 330 ملین سے زیادہ مفت کتابیں تحفے میں دی گئیں، یہ کتابیں تحفے میں دینے کا ایک عالمی پروگرام ہے جو شرکت کرنے والے علاقوں میں بچوں کو اسکول شروع کرنے تک مفت کتابیں فراہم کرتا ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔